بلوچستان کرکٹ ٹیم کے کوچ ارشد خان کوایک میچ کے لیے معطل کردیا گیا

لاہور، 20 نومبر 2019ء :

پی سی بی کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر بلوچستان کرکٹ ٹیم کے کوچ ارشد خان کو ایک میچ کے لیے معطل کردیا گیا ہے۔ وہ قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے نویں راؤنڈ میں شرکت نہیں کریں گے۔نویں راؤنڈ کا میچ 25 سے 28 نومبر تک یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں بلوچستان اورناردرن کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔

ارشد خان کو پی سی بی کے ضابطہ اخلاق برائے کھلاڑی اور اسپورٹ اسٹاف کے آرٹیکل2.21 کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا گیا۔ارشد خان کو کھیل کی ساکھ کو نقصان پہنچانے سے متعلق لیول 2 جرم کا مرتکب پایا گیا ہے۔

واقعہ قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ میں بلوچستان اور خیبرپختونخوا کے درمیان جاری آٹھویں راؤنڈ کے میچ کے پہلے روز کےدوسرےسیشن سے قبل پیش آیا۔ واقعہ کے دوران ارشد خان کو باؤنڈری لائن پرموجود امپائرز تک پہنچ کر نامناسب ریمارکس دیتے ہوئے دیکھا گیا ۔

آن فیلڈ امپائرز فاروق علی خان اورثاقب خان نے ارشد خان کو پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا۔

میچ ریفری کامران چوہدری نے بلوچستان کرکٹ ٹیم کےکوچ ارشد خان کو ایک میچ کے لیے معطل کردیا۔

ارشد خان کی جانب سے اعتراض کرنے پر میچ کے دوسرے روز کھیل کے بعد سماعت کی گئی جس میں ارشد خان پر عائد سزا کو برقرار رکھا گیا ۔ سماعت

میں دونوں آن فیلڈ امپائرز کے علاوہ بلوچستان کرکٹ ٹیم کے کوچ اور منیجر نے شرکت کی۔

فیصلے کی روشنی میں ارشد خان اگلےمیچ میں ڈریسنگ روم اور فیلڈ آف پلے میں داخل نہیں ہوسکتے لہٰذا آئندہ میچ کے لیے بلوچستان کی ٹیم ارشد خان کے متبادل کااعلان کرسکتی ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk